
# فیڈریشن آف ایمپلائیز کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لیمٹڈ
# اسلام آباد




# سالانہ اجلاس عام

## مورخہ 18 مارچ 2016 اسلام آباد ہوٹل، اسلام آباد

ا۔ کاروائی:

سالانہ اجلاس عام کے لیے اخبارات میں 3 مارچ تشہیر کے بعد یاد ہانی کے لیے دوبارہ 16 مارچ کو اشتہارات دیے گئے تمام ممبران کو فرداً فرداً تحریری اطلاع ارسال کی گئی۔ کوآپریٹیو ڈیپارٹمنٹ کو باقاعدہ اطلاع دی گئی اور اجلاس میں ان کے ایک نمائندے نے شرکت بھی کی۔ کاروائی کا باقائدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔

۲۔ خطبہ استقبالیہ:

سوسائٹی کے صدر ارمان عزیز صاحب نے حاضرین کو انتظامیہ کمیٹی کی تین سالہ معیاد کی چوتھی اور آخری جنرل باڈی میٹنگ میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلا سال سوسائٹی کے لیے مشکلات کا رہا۔ CDA نے ہمیں بھی دوسری ہاؤسنگ سوسائٹیوں کیساتھ بے ضابطہ اور غیر قانونی قرار دے دیا گیا اور اس کے ساتھ ہی بجلی اور گیس کے محکمہ کو اطلاع دے دی گئی کہ وہ ان سوسائیٹیوں کو بجلی اور گیس کے کنکشن نہ دیں۔

انہوں نے بتایا کہ ہمارا LOP 2007 میں منظور کیا گیا اور پھر 2008 میں CDA نے سوسائٹی کی کسی درخواست کے بغیر ہی متعدد تبدیلیوں کے بعد جاری کیا۔ اور انہی تبدیلیوں کو جواز بنا کر اسے 2010 میں معطل کر دیا ہم نے اس اقدام کو مختلف عدالتوں میں چیلنج کیا ہوا ہے۔ 2012 میں سوسائٹی کے الیکشن کرانے کے لیے ساٹھ (60) دنوں کے لیے ایڈمنیسٹریٹر مقرر کیا گیا جو کہ سولہ ماہ تک قابض رہا اس دوران اس نے قبرستان کی زمین اور اس کے ساتھ ملحقہ رہائشی پلاٹوں کو کمرشل قرار دے کر بارہ منزلہ کمرشل بلڈنگ بنانے کے لیے الاٹمنٹ کر دی یہ معاملہ بھی مختلف عدالتوں کے علاوں نیب میں بھی زیر سماعت ہے۔

O-9 پراجیکٹ کے LOP کے بارے میں کئی مسائل ہیں بڑا مسئلہ راستے کا ہے اس کے کے علاوہ مختلف مقاصد کے لیے زمین کے استعمال کا تناسب قواعد کے مطابق نہیں ہے مثلاً رہائشی پلاٹوں کے لیے کل زمین کا 54% مختص ہونا چاہیے جو کہ اس وقت 67% ہے

E-11 پراجیکٹ میں نارتھ کمرشل کی انڈر گراؤنڈ پارکنگ کے ایک بڑے پراجیکٹ پر کام جاری ہے یہاں بھی 4 کنال زمین پر ملکیت کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے جو کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے کچھ پلاٹ مالکان مستقل طور پر نادہندہ ہیں جن کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ ای الیون کی مشرقی سروس روڈ کو دو رویہ بنانے کا کام شروع ہو گیا ہے جس میں ٹیم ای الیون کے کپتان میجر رضا کی کوششوں کو سراہا۔میجر رضا نے کھڑے ہو کر مختصراً اپنی ٹیم کی کارکردگی اور فیڈریشن انتظامیہ کے کردار کا ذکر کیا اور ممبران نے دل کھول کر داد دی۔

حاضرین نے پچھلے سال کے سالانہ اجلاس کی رپورٹ (MINUTES) کو منظور کر لیا۔

## ۳۔ ترقیاتی کاموں کی رپورٹ:

جنرل سیکٹری ملک ظفر اقبال نے سوسائٹی کی کارکردگی اور ترقیاتی کاموں کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ ہم نے فیڈریشن سوسائٹی سے بدعنوانی کا مکمل خاتمہ کر دیا ہے انہوں نے اظہار تشکر کیا کہ تمام ملازمین نے اس سلسلے میں مکمل تعاون کیا ہے۔

☆ انہوں نے مزید بتایا کہ E-11 کی مسجد کی تعمیر آخری مراحل میں ہے بہت سے ممبران کے مسلسل تعاون اور اعتماد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

☆ فیڈریشن سنٹر E-11 کی تکمیل ممبران کی خواہش کے عین مطابق مکمل ہو چکی ہے اور وہاں پر عام طبی سہولیات میسر ہونے کے علاوہ سوسائٹی کو دولاکھ پچاس ہزار روپے ماہانہ کرایہ کی مد میں وصول ہو رہا ہے۔

☆ کمرشل ایریا کے پیچھے کچھ جگہ خالی تھی جہاں چھوٹے بچوں کے لیے ایک پارک مکمل ہو چکا ہے اور عنقریب اس کا افتتاح کر دیا جائے گا پانی کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کے لیے تیسرا ٹیوب ویل بھی لگا دیا گیا ہے شجرکاری باقاعدگی سے کرائی جارہی ہے۔

☆ E-11 میں گولڑہ سائیڈ کی چند جگہوں کے علاوہ فینس مکمل کر دی گئی ہے صفائی کے معاملات کو بہتر بنا دیا گیا ہے اور سیکورٹی کے معاملات کو مزید بہتر بنانے کی کوشش جاری ہے

☆ E-11 کی ڈبل روڈ کو E-11 ٹیم کے تعاون سے مکمل کر دیا گیا ہے ممبران سے گزارش ہے کہ گھروں کو صرف رہائشی مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے

☆ مندرجہ بالا حقائق کے باوجود اس سال سوسائٹی کے بیلنس میں 5.284M کا اضافہ ہوا ہے اور ہماری سوسائٹی کی بیلنس شیٹ 727M سے بڑھ کر 811M ہو گئی۔کچھ عرصہ سے ہمارا کوآپریٹیو ڈیپارٹمنٹ بہت مستعدی سے کام کر رہا ہے کوآپریٹو رجسٹرار محمد علی صاحب اس پر بہت توجہ دے رہے ہیں گزشتہ دنوں انہوں نے اسلام آباد کی تمام ہاؤسنگ سوسائیٹیوں کے لیے ایک ہفتہ دورانیہ کا ٹریننگ پروگرام ترتیب دیا جو ہمارے لیے بہت معلوماتی اور فائدہ مند رہا چیف کمشنر کی صدارت میں آخری سیشن ہوا جس میں اسلام آباد کی تمام سوسائیٹیز کی نمائندگی کرتے ہوئے ارمان عزیز صاحب نے سوسائیٹیز کے مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی روشنی ڈالی جسے بہت سراہا گیا۔

☆ سوسائٹی انتظامیہ کی خصوصی دعوت پر اسلام آباد میڈی کیور ہاسپٹل کے چیف ایگزیکٹیو ڈاکٹر یوسف نے ہسپتال کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں مختصراً معلومات فراہم کیں۔

صابر خان صاحب (فنانس سیکرٹری) نے O-9 کے ترقیاتی کاموں کے بارے میں تفصیلی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ سیکورٹی کے نظام کو تسلی بخش بنا دیا گیا ہے۔
پانی کی فراہمی جاری ہے اگرچہ مستقبل میں ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مزید کوششوں کی ضرورت ہے ۔
فینسنگ کر دی گئی ہے جس سے سیکیورٹی کو بہتر بنانے میں بہت مدد ملی ہے۔سڑکیں کارپٹنگ کروانے سے ہمارے پروجیکٹ کی قدر بہت بڑھ گئی ہے مزید کچھ سڑکوں کی کارپٹنگ کروانے کے لیے ٹھیکہ دیا جا چکا ہے جس پر جلد کام شروع ہونے والا ہے۔

☆ سیورج سسٹم کو Septic Tank بنوا کو مزید بہتر بنادیا گیا ہے O.9 پراجیکٹ کا بڑا مسئلہ "راستے" کا ہے Forest والی سائیڈ سے راستہ ملنے کی امید ہے ہم نے اپنی طرف سے 60 فٹ چوڑی سڑک ان کی سڑک کے ساتھ ملادی ہے لیکن Forest کی طرف سے کام بند ہونے کی وجہ سے معاملہ التواء میں پڑا ہوا ہے۔

☆ بجلی کے مسائل کو بہت حد تک حل کرلیا ہے سٹریٹ لائٹس لگادی گئی ہیں نامکمل ترقیاتی کاموں کو مکمل کردیا گیا ہے شجرکاری مسلسل جاری ہے مین ہول اوران کے ڈھکنوں پر کام ہورہا ہے جو عنقریب مکمل ہوجائے گا قبرستان کی Retainig Wall کا ٹھیکہ دیا جاچکا ہے Overhand واٹر ٹینک کا نقشہ منظور ہوچکا ہے

۴۔ آمدنی اوراخراجات کی رپورٹ:

فنانس سیکرٹری صابر خان نے 15-2014 کی آمدنی اوراخراجات کی تفصیل پیش کی۔ فنانس سیکریٹری نے سوسائٹی کے آڈٹ حساب کتاب کے بارے میں بتایا کہ 2014 میں ہمارا بیلنس 35.331 ملین تھا جبکہ اس سال 2015 کے اختتام پر ہماری سوسائٹی کا بیلنس 58.278M رہا۔ اس بیلنس میں اضافہ کی بڑی وجہ سیکٹر E-11 میں فیڈریشن سینٹر کی دُکانوں کی نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم اور پلاٹوں کا قبضہ دینے سے حاصل ہونے والی رقم ہے۔

انھوں نے مزید کہا کے جن ممبران نے اب تک یہ واجبات جمع نہیں کروائے ان سے جرمانے کے ساتھ واجبات لیے جائیں گے۔


انھوں نے بتایا کے ہمارے اخراجات پچھلے سال کے مقابلے میں زیادہ رہے ان میں قابل ذکر مرمتی اخراجات (Maintinance Expediture) سرفہرست ہیں جو کہ E-11 میں 11.963M اور 9-0 میں 17.847M رہے۔


09 کے اخراجات میں اضافے کی وجہ اقبال اینڈ سنز کی ادائیگی ہے جو عدالت کے حکم پر کی گئی جس وجہ سے ہمارے اخراجات 35.461M بڑھ کر 52.994M ہوگئے۔

ممبران کے سوالات:

☆ O-9 سے متعلقہ سوالات کے جواب میں صدر، جنرل سیکٹری اور فنانس سیکرٹری نے ایوان کو بتایا۔ کہ

ڈاکٹرز ٹاؤن کے راستے کا مسئلہ تقریباً اتنا ہی پرانا ہے جتنی کہ سوسائٹی-- شروع میں ڈاکٹرز ٹاؤن کی انتظامیہ نے مشترکہ طور پر راستہ بنانے کے لیے FECHS سے تعاون مانگا جس پر کسی وجہ سے اُس وقت کی انتظامیہ سے بروقت فیصلہ نہ ہوسکا موجودہ انتظامیہ کے ارکان 2010 سے مذاکرات کے علاوہ عدالتی طور پر بھی اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کررہے ہیں






☆ دو کمرشل  پلاٹوں کی نیلامی تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے کی گئی۔

☆ نومبر 2011 کی AGM میں مذکورہ پلاٹس نیلام کرنے کی باقائدہ منظوری دی گئی اخبارات میں متعدد اشتہارات دیے گئے نیلامی سے پہلے دونوں پراجیکٹ پر نمایاں بینرز آویزاں کیے گئے اور کھلے عام نیلامی کی گئی M.C کی موقع پر میٹنگ میں فیصلے کے بعد آخری بولی کو منظور کیا گیا۔


پانی کی ٹینکی کے نیچے 4 منزلہ عمارت بنانا اس لیے ممکن نہیں کیونکہ اس پر ناقابل برداشت اخراجات ہیں اور دوسرا یہ عمارت گھروں کے درمیان ہوگی۔

انتظامیہ کمیٹی قانون کے تحت دیے گئے اختیارات اور ذمہ داریوں کے تحت کام کرتی ہے ممبران سے مسلسل مشورے اور تعاون کے لیے وقتاً فوقتاً مختلف کمیٹیاں بنائی جاتی ہے
لیکن فیصلہ انتظامیہ کمیٹی کا ہی ہوتا ہے جو کہ ممبران کے براہ راست
انتخاب سے بنائی جاتی ہے۔

E-11 کے ممبران نے گولڑہ کی طرف سے سیکورٹی کے انتظامات پر تشویش کا اظہار کیا۔ برساتی نالے کی صفائی اور خستہ حال سیوریج پائپس کو تبدیل کرنے کے لیے سوالات کیے گئے انتظامیہ نے جلد ہی اس پر توجہ دینے کا یقین دلایا۔

اجلاس کے آخر میں صدر صاحب نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور پچھلے سال سے ہونے والے ترقیاتی کاموں کے علاوہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اپنے وسائل کے تحت انتظامیہ بہتری کی کوشش کر رہی ہے اور تمام مسائل سے بخوبی آگاہ ہے۔





**FEDERATION OF EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED (REGD)**

272, Main Double Road, FECHS, E-11/1, Islamabad. Tel: 051-2304956, 2305626, 2305669
E-mail: fechs@gmail.com, Web: www.fechs.org.pk, FB: www.facebook.com/officalfechs